بحریہ کالج

ظفر کیمپس

جماعت ششم　　　　　　سبق ۔گل صنوبر کی کہانی　　　　　　دوسری سہ ماہی

ورک شیٹ (۱)

درج ذیل سوالات کے جوابات دیں ۔

۱۔ لوک کہانی کس کو کہتے ہیں؟

جواب۔ لوک کہانی وہ ہے جس کا کوئی مصنف نہیں ہوتا اور یہ نسل در نسل منتقل ہوتی رہتی ہے۔ یہ اخلاقی سبق بھی دیتی ہے۔

۲۔ بستی میں شروع سے آخر تک کیا تھا؟

جواب۔ بستی میں شروع سے آخر تک جھونپڑیاں تھیں ۔

۳۔ بچی اور اس کے بھائی کا کیا نام تھا؟

جواب۔ بچی کا نام صنوبر اور اس کے بھائی کا نام گل تھا۔

۴۔ کہانی میں موجود عورت کا کیا نام تھا؟

جواب: کہانی میں موجود عورت کا نام ظہیرہ تھا۔

۵۔ ظہیرہ معصوم گل سے کیسا سلوک کرتی تھی؟

جواب: ظہیرہ معصوم گل سے غلاموں والا سلوک کرتی تھی ۔

سوال نمبر۲۔ درست جواب کی نشاندہی کریں۔

۱۔ محسن پور کے وسیع میدانوں میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نے اپنی بستی بنا رکھی تھی۔

۱۔سندھیوں　　۲۔پنجابیوں　　۳۔بلوچوں　　۴۔پٹھانوں

۲۔ محسن پور کے آس پاس کون سی وبا پھیل چکی تھی؟

۱۔ہیضہ　۲۔ملیریا　　۳۔کرونا　　۴۔طاعون

۳۔ قدموں کی آہٹ سن کر لوگ کیا سمجھتے تھے؟ کہ کون آ گیا؟

۱۔فرشتہ اجل　　۲۔ڈاکٹر　　۳۔طبیب　　۴۔حکیم

۴۔ بستیوں میں ہر وقت کیا رہتا تھا؟

BAHRIA COLLEGE ZAFAR CAMPUS LUBNA NAZ

۱۔ رونق میلہ ۲۔ خاموشی ۳۔ ہنسی قہقہے ۴۔ سناٹا

۵۔ رات کے سناٹے میں الغوزے پر کون تان لگا رہا تھا؟

۱۔ چوکیدار ۲۔ نوجوان بلوچ ۳۔ ہمسایہ ۴۔ مالی

۶۔ کتنے دن میں جھونپڑیاں مکینوں سے خالی ہوگئیں؟

۱۔ چھے سات دن میں ۲۔ چار پانچ دن میں ۳۔ تین چار دن میں ۴۔ دو تین دن

۷۔ دور گھر سے کیا نکلتا ہوا دکھائی دیا؟

۱۔ لڑکا ۲۔ آگ کے شعلے ۳۔ نوکر ۴۔ دھواں

۸۔ بیگم کے دل میں کس کی باتیں تیر کی طرح لگیں؟

۱۔ صنوبر کی ۲۔ گل کی ۳۔ ڈاکٹر کی ۴۔ میاں جی کی

۹۔ گل کو ظہیرہ کے گھر رہتے ہوئے کتنے برس ہوئے؟

۱۔ دس برس ۲۔ چھے برس ۳۔ کئی برس ۴۔ دو برس

۱۰۔ ظہیرہ کیا کرنے کو تیار تھی؟

۱۔ گناہ کرنے کو ۲۔ گناہ کا کفارہ ادا کرنے کو ۳۔ مارنے کو ۴۔ کھانا کھانے کو

۱۱۔ گل نے اپنے کمرے میں کس کے قدموں کی آہٹ سنی؟

۱۔ ظہیرہ کی ۲۔ چور کی ۳۔ صنوبر کی ۴۔ نوکر کی

۱۲۔ گل اور صنوبر کے ساتھ والا کمرہ کس کا تھا؟

۱۔ کسی کا بھی نہیں ۲۔ ظہیرہ کا ۳۔ کرائے دار کا ۴۔ خانساماں کا

۱۳۔ ظہیرہ کے کون سے لڑکے کو سانپ کاٹ گیا تھا؟

۱۔ بڑے لڑکے کو ۲۔ منجھلے لڑکے کو ۳۔ چھوٹے لڑکے کو ۴۔ سب سے چھوٹے لڑکے کو

۱۴۔ ظہیرہ کو کون قتل کرنے لگا تھا؟

۱۔ صنوبر ۲۔ گل ۳۔ ڈاکو ۴۔ چوکیدار

۱۵۔ صنوبر ظہیرہ کے لڑکے کو بچانے کے لیئے کیا لے کر آئی؟

۱۔ پانی ۲۔ عرق مار گزیدہ ۳۔ نیلا پھول ۴۔ گلاب کا پھول۔

------------ بحریہ کالج۔

ظفر کیمپس

جماعت ششم سبق۔شیخ سعدی کے اقوال

دوسری سہ ماہی ورک شیٹ (۲)

۱۔کہانی یا حکایت میں کیا پیغام پوشیدہ ہوتا ہے؟

جواب۔کہانی یا حکایت میں یہ پیغام پوشیدہ ہوتا ہے جو کہ انسان کی فلاح و بہبود کے لیئے ہے۔اس میں انسانی دانش کا صدیوں کا نچوڑ شامل ہوتا ہے۔

۲۔شیخ سعدی کون تھے؟

شیخ سعدی فارسی کے بہیت بڑے شاعر تھے۔

۳۔دنیا کا مال کس کے لیئے ہے؟

جواب۔دنیا کا مال زندگی کے آرام وسکون کے لیئے ہے۔

۴۔جو بری صحبت میں رہتا ہے اس کی سوچ کیسی ہوگی؟

جواب۔جو بری صحبت میں رہتا ہے اس کی سوچ بھی گندی ہوگی۔

سوال نمبر۵۔دشمن کے ساتھ بے موقع نرمی کیسا ہے؟

جواب۔دشمن کے ساتھ بے موقع نرمی کرنا اس کو شیر بنانا ہے۔

سوال نمبر۲۔درست جواب کی نشاندہی کریں۔

۱۔ شیخ سعدی کا اصل نام--------تھا۔

۱۔شرف الدین ۲۔مشرف الدین ۳۔جلال الدین ۴۔جمال الدین

۲ ۔شیخ سعدی کو کس لقب سے یاد کیا جاتا ہے؟

۱۔فلاسفر ۲۔حکیم دانا ۳۔شمس العلماء ۴۔حکیم مشرق

۳۔شیخ سعدی کو-----------بھی کہتے ہیں

۱۔معلم ادب ۲۔معلم فلسفہ ۳۔معلم اخلاق ۴۔معلم نحو

۴۔۔شیخ سعدی ایران کے شہر-----------میں پیدا ہوئے۔

BAHRIA COLLEGE ZAFAR CAMPUS LUBNA NAZ

۱۔ تہران ۲۔ بغداد ۳۔ پاک پتن ۴۔ شیراز

۵۔ شیخ سعدی کی زندگی کا زیادہ حصہ گزرا۔

۱۔ سیروسیاحت میں ۲۔ پڑھائی میں ۳۔ نوکری میں ۴۔ ادب کی تعلیم میں

۶۔ شیخ سعدی نے شاعری کے ساتھ ساتھ ۔۔۔۔۔۔۔ بھی لکھی۔

۱۔ نثر ۲۔ عربی کتابیں ۳ فلسفہ کی کتابیں ۴ صرف ونحو

۷۔ شاعری میں ان کی ۔۔۔۔۔۔ بہت مشہور ہے

۱۔ مثنوی ۲۔ مرثیہ ۳۔ غزل ۴۔ نظم

۸۔ شیخ سعدی کی شاعری کی کتاب کا نام ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے

۱۔ چمنستان ۲۔ گلستان ۳۔ بوستان ۴۔ رحمستان

۹۔ گلستان ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کی نثری کتاب ہے

۱۔ علامہ اقبال ۲ حفیظ جالندھری ۳۔ شیخ سعدی ۴۔ فیض احمد فیض

۱۰۔ ۔۔۔۔۔۔۔۔ کے تمام بڑی زبانوں میں تراجم ہو چکے ہیں

۱۔ ضرب کلیم ۲۔ گلستان ۳۔ اردو صرف ونحو ۴۔ بال جبرائیل

۱۱۔ دنیا کی نعمتوں سے فائدہ کیسے اٹھایا جا سکتا ہے؟

۱۔ پیسے کما کر ۲ رشوت لے کر۔ ۳۔ احسان کر کے ۴۔ دوسروں کا حق مار کے

۱۲۔ کس کے دانتوں کا زخم زیادہ گہرا ہوتا ہے؟

۱۔ آدم خور کا ۲۔ دوست نما دشمن کا۔ ۳۔ جانور کا۔ ۴۔ چھری کا

۱۳۔ بے فائدہ بات کر کے ۔۔۔۔۔۔۔ نہ گھٹاؤ۔

۱۔ تعلیم ۲۔ اہمیت ۳۔ قدر۔ ۴ شان

۱۴۔ ۔۔۔۔۔۔۔ کے پیچھے بھی بات کرتے ہوئے ہوشیار رہ۔

۱۔ دیوار ۲۔ دروازہ ۳۔ درخت ۴۔ گھر

۱۵۔ ۔۔۔۔۔۔۔ کے لیئے بددعا کرنے کے ضرورت نہیں۔

۱۔ ظالم کے لیئے ۲۔ ظالم حکمران کے لیئے ۳۔ حاسد کے لیئے ۴۔ مظلوم کے لیئے۔

RUBINA NAZ

بحریہ کالج
ظفر کیمپس

جماعت ششم　　　　سبق ۔ بادل کا گیت (نظم)

دوسری سہ ماہی　　　　ورک شیٹ ۔ (۳)

سوال نمبر ا ۔ درج زیل سوالات کے جوابات دیں

ا ۔ کس کا گھر سمندر کی گہرائیوں میں ہے؟

جواب ۔ بادل کا گھر سمندر کی گہرائیوں میں ہے

۲ ۔ بادل کس کی دھن میں وطن چھوڑ آیا؟

جواب ۔ بادل ستاروں سے ملنے کی دھن میں وطن چھوڑ آیا ۔

۳ ۔ ۔ بادل کو کس نے پٹخنی دی؟

جواب ۔ بادل کو پہاڑوں نے پٹخنی دی ۔

۴ ۔ بادل کو کس نے پٹخنی دی کیا کیا؟

جواب ۔ بادل تھک گیا تو وہ زور زور سے بلبلایا ۔

۵ ۔ بادل کے رونے سے دنیا کیا کرتی ہے؟

جواب ۔ بادل کے رونے سے دنیا مسکراتی ہے ۔

سوال نمبر ۲ ۔ درست جواب کی نشاندہی کریں ۔

ا ۔ بادل کا گھر کہاں پر ہے؟

ا ۔ آسمان پر ۔　　۲ ۔ سمندر کی گہرائیوں میں　　۳ ۔ باغوں میں　　۴ ۔ ہواؤں میں

۲ ۔ ایک دن شوخ تیتی ہواوں نے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

ا ۔ پکارا　　۲ ۔ آواز دی　　۳ ۔ نعرہ لگایا　　۴ ۔ زور سے بلایا

۳ ۔ شوخ تیتی ہواوں نے کیا دکھایا؟

۱۔ تارے ۲۔ سمندر ۳۔چاند ۴۔سورج

۴۔ہواوں نے بادل کوکہاں بٹھایا؟

۱۔درختوں پر ۲۔ شاخوں پر ۳۔سورج کی کرنوں پر ۴۔ستاروں پر

۵۔پربت نے بادل کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۱۔کچلا ۲۔کھنچا ۳۔دھکیلا ۴۔اُڑایا

۶۔بادل نے کہاں کی راہ لی؟

۱۔سمندر ۲۔جھیلوں کی۔ ۳۔میدانوں کی ۴۔جنگلوں کی

۷۔بادل کوکون لے اُڑیں؟

۱۔شہزادیاں ۲۔ہوا کی پریاں ۳۔تیز ہوائیں ۴۔کالی آندھیاں

۸۔کون رویا تو دنیا مسکرانے لگی۔

۱۔بادل ۲۔سورج۔ چاند۔ ۴۔چمکتا ہوا تارہ

۹۔زمین کس سے دھل چکی تھی؟

۱۔پانی سے ۲۔بارش سے ۳۔بادل کے آنسوؤں سے ۴۔سیلاب سے

۱۰۔ آنسو آخر کہاں سے جاملیں گے؟

۱۔دریا میں ۲۔ندی میں ۳۔نالوں میں ۴۔سمندر میں

RUBINA NAZ
BAHRIA COLLEGE ZAFAR CAMPUS

بحریہ کالج
ظفر کیمپس

جماعت ششم — سبق۔ سائنس کے کرشمے
دوسری سہ ماہی — ورک شیٹ (۴)

درج ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

۱۔ انسانی تاریخ کا کوئی بھی دور کس سے خالی نہیں؟
جواب۔۔ انسانی تاریخ کا کوئی بھی دور سائنس کے علم سے خالی نہیں۔

۲۔ قبل از تاریخ انسان کس کو اپنا دیوتا سمجھتا تھا؟
جواب۔۔ قبل از تاریخ انسان دریاؤں، سمندروں، سورج، چاند، اور ستاروں کو اپنا دیوتا سمجھتا تھا۔

۳۔ انسان نے اپنی ابتدا کی ایجادات میں کیا ایجاد کیا؟
جواب۔ انسان نے اپنی ابتدا کی ایجادات میں پہیہ ایجاد کیا۔

۴۔ انسان نے کس کے ذریعے بجلی پیدا کی؟
جواب۔ انسان نے پانی، ہوا، کوئلے اور پٹرول کے ذریعے بجلی پیدا کی۔

۵۔ انسان کے قدیم ترین پیشے کون کون سے ہیں؟
جواب انسان کے قدیم ترین پیشے زراعت، کھیتی باڑی ہیں

سوال نمبر۲۔ درست جواب کی نشاندہی کریں۔

۱۔ انسانی تاریخ کا کوئی بھی دور۔۔۔۔۔۔۔ سے خالی نہیں۔
۱۔ طنز و مزاح سے۔ ۲۔ لسانی ادب ۳۔ سائنس کا علم ۴۔ کھیلوں سے

۲۔ جن طریقوں سے انسان نے اپنے شعور کی منزلیں طے کیں وہ طریقے۔۔۔۔۔۔ کہلاتے ہیں۔
۱۔ لٹریچر ۲۔ سائنس ۳۔ معاشیات ۴۔ معاشرتی

۳۔ انسان نے سائنس کے ذریعے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تک رسائی حاصل کی۔
۱۔ سورج ۲۔ چاند ۳۔ مریخ ۴۔ خلا

۴۔ انسان نے سمندر میں جا کر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نکالے۔

۱۔سمندری جانور ۲۔بحری جہاز ۳۔پتھر۔ ۴۔ہیرے جواہرات

۵۔انسان نے ایجادات کے دور میں سب سے پہلے ۔۔۔۔۔۔۔ایجاد کیا۔

۱۔پہیہ ۲۔انجن ۳۔جہاز ۴۔ریڈیو

۶۔باہمی رابطے کے لیئے سب سے پہلے ۔۔۔۔۔۔۔کو استعمال کیا گیا۔

۱۔کوا ۲۔فاختہ ۳۔کوئل ۴۔کبوتر

۷۔۔۔۔۔۔۔کے ذریعے انسان اپنا پیغام چند ساعتوں دنیا کے کسی بھی گوشے میں پہنچا سکتا ہے۔

۱۔ہوائی جہاز ۲۔ٹیلی فون ۳۔لاؤڈ اسپیکر ۴۔انٹرنیٹ

۸۔انسان نے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کے ذریعے بجلی پیدا کی۔

۱۔پانی اور ہوا ۲۔سمندر کی ہوا سے ۳۔سورج کی تپش سے ۴۔بارش سے

۹۔صنعت و حرفت اور روزمرہ زندگی کے کم وبیش تمام معاملات کا دارومدار ۔۔۔۔۔۔پر ہے۔

۱۔انٹرنیٹ ۲۔بزرگوں ۳۔معشیت ۴۔بجلی

۱۰۔انسان نے اپنی زندگی میں ۔۔۔۔اور۔۔۔۔۔۔ایجاد کر کے اپنی زندگی میں سہولت پیدا کی۔

۱۔پہیہ اور گاڑی ۲۔موبائل اور کمپیوٹر ۳۔ایئر کنڈیشنر اور ہیٹر ۴۔جہاز اور بحری جہاز

۱۱مصنوعی ۔۔۔۔۔۔۔بھی بن چکے ہیں۔

۱۔گردے۔ ۲۔دل ۳۔پھیپھڑے ۴۔جگر

۱۲۔۔۔۔۔۔۔۔میں بھی بہت ترقی کی ہے۔

۱۔طب ۲۔تعلیم ۳۔ادب ۴۔زراعت

۱۳۔موجودہ دور کی اہم ترین ایجاد ۔۔۔۔۔۔۔۔ہے

۱۔کمپیوٹر ۲۔موبائل ۳۔ٹی۔وی ۴۔ انٹرنیٹ

۱۴۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سائنس کی ہلاکت خیز ایجادات ہیں۔

۱۔کمپیوٹر ۲۔ایٹم بم ۳۔کلاشنکوف ۴۔پستول

۱۵۔سائنس ۔۔۔۔۔۔۔میں کمی کا سبب بھی ہے۔

۱۔انسانی زندگی ۲۔انسانی ترقی ۳۔انسانی اموات ۴۔نباتاتی زندگی

بحریہ کالج
ظفر کیمپس

جماعت ششم — سبق ۔صحت وصفائی

دوسری سہ ماہی — ورک شیٹ (۵)

درج زیل سوالات کے جوابات دیں۔

۱۔صحت وصفائی میں کتنے کردار ہیں؟

جواب ۔صحت وصفائی میں چودہ کردار ہیں۔

۲۔صفائی ہمارے لیئے کیا ہے؟

جواب: صفائی ہمارے لئے ایمان کا حصہ ہے۔

۳۔صحت مند جسم کے لئے کیا ضروری ہے؟

جواب ۔صحت مند جسم کے لئے متوازن غذا ضروری ہے۔

۴۔متوازن غذا سے کیا مراد ہے؟

جواب ۔متوازن غذا سے مراد ہے،ایسی غذا جس میں حیاتین موجود ہوں اور جو بہت زیادہ نہ پکی ہو۔

۵۔صفائی سے مراد کیا صرف اپنے گھر کی صفائی ہے؟

جواب ۔۔جی نہیں ۔صفائی سے مراد اپنے گھر کے علاوہ اپنے گلی محلے کی صفائی بھی ضروری ہے۔

سوال نمبر۲۔ درست جواب کی نشاندہی کریں۔

۱۔ یہ کس کا ارشادگرامی ہے؟ صفائی نصف ایمان ہے۔

۱۔رسول پاک ﷺ ۲۔حضرت عمر فاروقؓ ۳۔حضرت ابوبکر صدیقؓ ۴۔حضرت علیؓ

۲۔ سکول میں کیا منایا جار ہا تھا؟

۱۔جلسہ تقسیم انعامات ۲۔یوم والدین ۳۔ہفتہ صفائی ۴۔مینا بازار

۳۔ کمرہ جماعت کی استانی صاحبہ کا کیا نام تھا؟

۱۔ عالیہ ۲۔کلثوم ۳۔سعدیہ ۴۔راحیلہ

۴۔ صفائی کیا ہے؟

BAHRIA COLLEGE ZAFAR CAMPUS LUBNA NAZ

۱۔ نصف ایمان ۲۔ پورا ایمان ۳۔ ایمان کا چوتھا حصہ ۴۔ ان میں سے کچھ بھی نہیں

۵۔ صحت مند جسم کے لئے ضروری ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۱۔ غیر متوازن خوراک ۲۔ کم خوراک ۳۔ صحت مند دماغ ۴۔ صحت مند دل

۶۔ اپنے گھر کے علاوہ گھر کی صفائی کا خیال رکھنا چاہیئے۔

۱۔ سکول اور گلی محلے کا ۲۔ پڑوسیوں کے گھر کا ۳۔ مسجد کا ۴۔ مارکیٹ کی دکانوں کا

۷۔ گھر کا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔نہیں پھینکنا چاہیئے

۱۔ سامان ۲۔ باسی خوراک ۳۔ کوڑا کرکٹ ۴۔ ردی

۸۔ صاف رہنے سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ختم ہو جاتے ہیں۔

۱۔ جراثیم ۲۔ پھل سبزیاں ۳۔ بیماری ۴۔ میل کچیل

۹۔ متوازن خوراک جسم کو کیا رکھتی ہے؟

۱۔ کمزور ۲۔ صحت مند ۳۔ بیمار ۴۔ چاک و چوبند

۱۰۔ کھانا زیادہ دیر تک پکانے سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۱۔ لذیذ ہو جاتا ہے ۲۔ حیاتین ختم ہو جاتے ہیں ۳۔ مزا ختم ہو جاتا ہے ۴۔ بدذائقہ کھانا ہو جاتا ہے

۱۱۔ بہت نقصان دہ ہوتے ہیں۔

۱۔ بہت زیادہ کچا پھل ۲۔ بہت زیادہ پکے پھل ۳۔ کھٹے پھل ۴۔ کسیلے پھل

۱۲۔ کھانے کا اہم ترین حصہ ہے۔

۱۔ سلاد ۲۔ رائتہ ۳۔ چٹنی ۴۔ اچار

۱۳۔ دانتوں کی صفائی کے لئے بہترین ہے۔

۱۔ ٹوتھ برش ۲۔ مسواک ۳۔ منجن ۴۔ صرف کلی

۱۴۔ دانت صاف ہوں گے تو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بھی صحت مند رہے گا۔

۱۔ پیٹ ۲۔ معدہ ۳۔ گردے ۴۔ دل

۱۵۔ صفائی کا بہترین طریقہ ہے۔

۱۔ وضو میں رہنا ۲۔ بے وضو رہنا ۳۔ نہاتے رہنا ۴۔ چھاؤں میں رہنا

بحریہ کالج
ظفر کیمپس

جماعت ششم — سبق۔ ہمارا وطن (نظم)
دوسری سہ ماہی — ورک شیٹ (۶)

سوال نمبر ا۔ درست جواب کی نشاندہی کریں۔

ا۔ قومی ترانہ اور ملی نغمہ ایک ہوتا ہے؟
ا۔ جی نہیں ۲۔ جی ہاں ۳۔ الگ الگ ہیں ۴۔ ایک ہی مطلب ہے

۲۔ پاکستان کا قومی ترانہ لکھا۔
ا۔ علامہ اقبال نے ۲۔ مرزا غالب نے ۳۔ فیض احمد فیض نے ۴۔ حفیظ جالندھری

۳۔ ہماری آرزوؤں کا دلکش سہارا ہے۔
ا۔ ہمارا وطن ۲۔ ہمارا گھر ۳۔ ہمارا اسکول ۴۔ ہمارا محلّہ

۴۔ پاکستان کی کھیتیاں اگاتی ہیں۔
ا۔ تانبہ ۲۔ چاندی ۳۔ سونا ۴۔ گھاس پھوس

۵۔ ہماری ندیاں لٹا رہی ہیں۔
ا۔ ہیرے جواہرات ۲۔ چاندی ۳۔ آبِ حیات ۴۔ دودھ

۶۔ پاکستان کے چمن ہیں۔
ا۔ سرسبز ۲۔ بہاروں بھرے ۳۔ لہلہاتے ہوئے ۴۔ خوبصورت

۷۔ ہمارے بن ہیں۔
ا۔ دل نشین ۲۔ خوفناک ۳۔ گھنے ۴۔ سرسبز

۸۔ رشکِ فردوس ہے۔
ا۔ ہمارا گھر ۲۔ ہمارا وطن ۳۔ ہمارا اسکول ۴۔ ہمارا محلّہ

۹۔ ہمارے وطن کے جیالے ہیں۔
ا۔ بہادر ۲۔ دلیر ۳۔ نڈر ۴۔ غضب ناک

BAHRIA COLLEGE ZAFAR CAMPUS
RUBNA NAZ

۱۰۔ س حسین انجمن کے۔۔۔۔۔۔۔۔

۱۔ بہادر پاسبان ۲۔ شیر دل پاسبان ۳۔ حسین پاسبان ۴۔ نڈر پاسبان

۱۱۔ ہم اس وطن کے ہیں۔

۱۔ چوکیدار ۲۔ سپاہی ۳۔ محافظ ۴۔ نگہبان

۱۲۔ اشعار کے آخر میں استعمال ہونے والے ہم آواز الفاظ کہلاتے ہیں۔

۱۔ ردیف ۲۔ قافیہ ۳۔ مطلع ۴۔ مقطع

BAHRIA COLLEGE ZAFAR CAMPUS R LUBNA NAZ

بحریہ کالج

ظفر کیمپس

جماعت ششم ورک شیٹ ۷ سبق۔ انسان اور اس کا ماحول

سوال نمبر۱۔ سوالات کے جواب دیں۔

۱۔ آلودگی کیا کیا مطلب ہے؟

جواب۔ آلودگی کا مطلب ہے، گندگی۔

۲۔ زمین کے ساتھ انسان کی وابستگی سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ زمین کے ساتھ انسان کی وابستگی بہت پرانی ہے۔

۳۔ انسان اور زمین ایک دوسرے کے لئے کیا ہیں؟

جواب۔ انسان اور زمین ایک دوسرے کے لئے لازم وملزوم ہیں۔

۴۔ جدید دور کس چیز کا دور ہے؟

جواب۔ جدید دور سائنسی ایجادات کا دور ہے۔

۵۔ سائنسی ایجادات انسانی زندگی پر کیسے اثرات مرتب کرتے ہیں؟

سائنسی ایجادات انسانی زندگی پر مثبت اور منفی اثرات مرتب کرتے ہیں۔

سوال نمبر۲۔ درست جواب کی نشاندہی کریں۔

۱۔ انسان اس زمین پر زندگی گزار رہا ہے۔

۱۔ کچھ مہینوں سے ۲۔ کچھ سالوں سے ۳۔ کچھ دنوں سے ۴۔ صدیوں سے

۲۔ زمین کے ساتھ انسان کا رشتہ ہے۔

۱۔ دوستانہ ۲۔ حریفانہ ۳۔ قاتلانہ ۴۔ محبت بھرا

۳۔ زمین کے ساتھ انسان کی وابستگی ہے۔

۱۔ نئی نئی ۲۔ بہت زیادہ پرانی ۳۔ ابھی ابھی ہوئی ہے ۴۔ کچھ سال پرانی

۴۔ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کی بدولت صنعت وحرفت کے میدان میں بے پناہ انقلاب پیدا ہوا ہے۔

۱۔ ادبی ترقی ۲۔ طبی ترقی ۳۔ سائنسی ترقی ۴۔ معاشی ترقی

BAHRIA COLLEGE
ZAFAR CAMPUS
RUBINA NAZ

۵۔ صنعتی ترقی کی وجہ سے اہم مسئلہ پیدا ہو گیا۔

ا۔ زمینی آلودگی کا ۲۔ فضائی آلودگی کا ۳۔ شور کی آلودگی کا ۴۔ ان میں سے کوئی بھی نہیں

۶۔ آلودگی کی وجہ سے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ انسانی زندگی کو گھیرے میں لے رہی ہیں۔

ا۔ خوشیاں ۲۔ بہاریں ۳۔ بیماریاں ۴۔ کمزوریاں

۷۔ ہیضہ، ٹائفائیڈ، یرقان، اسہال ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کی وجہ سے عام ہیں۔

ا۔ آلودگی ۲۔ صفائی ۳۔ میل جول ۴۔ دوستانہ تعلقات

۸۔ سونا اگلنے والی زمین ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کا شکار ہوتی جا رہی ہے۔

ا۔ ویرانی کا ۲۔ تھور اور بنجر پن کا ۳۔ خزاں کا ۴۔ ہریالی پن کا

۹۔ دھواں چھوڑتی گاڑیاں ۔۔۔۔۔۔۔۔ میں اضافے کا سبب بن رہی ہیں۔

ا۔ زمینی آلودگی ۲۔ فضائی آلودگی ۳۔ گھریلو آلودگی ۴۔ شور کی آلودگی

۱۰۔ ۔۔۔۔۔۔۔ اعصابی نظام کو بری طرح متاثر کرتا ہے۔

ا۔ شور ۲۔ گانا بجانا ۳۔ خاموشی ۴۔ آندھی طوفان

۱۱۔ شور کی آلودگی سے انسانوں میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ختم ہو گیا ہے۔

ا۔ صبر برداشت ۲۔ امن سکون ۳۔ متانت وتحمل ۴۔ بردباری

۱۲۔ شور کی وجہ سے جنم لے رہے ہیں۔

ا۔ نفسیاتی امراض ۲۔ ذہنی امراض ۳۔ جسمانی امراض ۴۔ دل اور گردے کے امراض

۱۳۔ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ انسانی زندگی کے لئے انتہائی مضر ہیں۔

ا۔ دوائیاں ۲۔ سیر و سیاحت ۳۔ آلودگیاں ۴۔ کوڑا

۱۴۔ گیس سے مسائل جنم لے رہے ہیں۔

ا۔ آلودہ زمین ۲۔ آلودہ پانی ۳۔ آلودہ ماحول

۱۵۔ میں نے اس کو قلم دیا۔ اس نے دیا روشن کیا۔

ان دونوں جملوں میں دیا تجنیس ہے۔ یعنی کہ املاء اور اعراب ایک ہیں لیکن معنی میں فرق ہے۔ الفاظ میں پایا جانے والا یہ رشتہ تجنیس کہلاتا ہے۔

بحریہ کالج

ظفر کیمپس

جماعت ششم　　　　　　　　　　ورک شیٹ ۸　　　　　　　　　　سبق۔ محنت کی برکات

سوال نمبرا۔سوالات کے جواب دیں۔

ا۔محنت سے کیا مراد ہے؟

جواب۔محنت سے مراد ہے کہ ہرکام کے لئے طاقت،قوت کی ضرورت ہوتی ہے۔اورکام کی انجام دہی محنت کہلاتی ہے۔

۲۔دنیا کی خوبصورتی کس وجہ سے ہے؟

جواب۔دنیا کی تمام تر خوبصورتی ،پائیداری محنت کی وجہ سے ہے۔

۳۔اللہ تعالیٰ نے محنت کے بارے میں کیا فرمایا ہے؟

جواب۔اللہ تعالیٰ نے محنت کے بارے میں فرمایا ہے کہ انسان کو وہی کچھ ملے گا جس کے لئے وہ محنت کریگا۔

۴۔اگرلوگ محنت نہ کریں گے تو کیا ہوگا؟

جواب۔اگرلوگ محنت نہ کریں گے تو کاروبارزندگی تھم جائے گا۔اورزندگی ختم ہوجائے گی۔

۵۔جولوگ مشقت کرتے ہیں انہیں کیا ملتا ہے؟

جواب۔جولوگ مشقت کرتے ہیں انہیں دنیاوآخرت میں کامیابی ملتی ہے۔

سوال نمبر۲۔درست سوالوں کے جوابات دیجئے۔

ا۔کام کی انجام دہی کہلاتی ہے؟

ا۔کام کرنا۔　۲۔مزدوری کرنا۔　۳۔مصروف رہنا　۴۔محنت کرنا

۲۔اس کائنات کا اصول ہے۔

ا۔کام کرنا　۲۔محنت کرنا　۳۔کاہلی کرنا　۴۔آرام کرنا

۳۔مذہبی اعتبار سے ایسا انسان قبول نہیں۔۔۔۔۔۔

ا۔محنتی نہ ہو۔　۲۔ سست ہو　۳۔کام چور ہو۔　۴دھوکے باز ہو

۴۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔نے حصول تعلیم اورحصول مقصد کے لئے بہیت محنت کی۔

ا۔مرزاغالب　۲۔شاہدآفریدی　۳۔قائداعظم　۴طالب علم

BAHRIA COLLEGE ZAFAR CAMPUS
RLUBNA NAZ

۵۔ رسول پاک ﷺ نے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں پتھر کھا کر لہولہان ہوئے

۱۔ مکہ ۲۔ مدینہ ۳۔ ریاض ۴۔ طائف

۶۔ انسانی زندگی میں ۔۔۔۔۔ اور ۔۔۔۔۔ محنت سے آتا ہے

۱ معیار اور وقار ۲۔ حسن و جمال ۳۔ مال اور دولت ۴۔ گاڑی اور گھر

۷۔ ۔۔۔۔۔۔۔۔ کھیتی باڑی چھوڑ دے تو خوراک کا بندوبست کیسے ہوگا۔

۱۔ مزدور ۲۔ موچی ۳۔ کسان ۴۔ ٹھیکدار

۸۔ جن اقوام نے محنت کی وہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اقوام میں شامل ہیں

۱۔ ترقی پزیر ۲۔ ترقی یافتہ ۳۔ مٹی ہوئی اقوام ۴۔ بھولی ہوئی اقوام

۹۔ جو طالب علم سارا سال محنت نہ کرے آخر میں وہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہوتا ہے۔

۱۔ اعلی درجہ میں ۲۔ خوش خوش ۳۔ شرمندہ ۴۔ پاس

۱۰۔ دنیا ۔۔۔۔۔۔ لوگوں کے قدم چومتی ہے۔

۱۔ کامیاب ۲۔ بہادر ۳۔ مکار ۴ رحم دل

۱۱۔ قائداعظم نے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کی نصیحت کی تھی۔

۱۔ کام کام اور کام ۲۔ آرام آرام ۳ دام کمانے کی ۴۔ کام نہ کرنے کی

۱۲ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ قوم کا کلیہ محنت میں ہے۔

۱۔ برطانوی ۲۔ امریکی ۳۔ ترکی ۴ پاکستانی

۱۳۔ محنت ہی کی وجہ سے انسان میں ۔۔۔۔۔ اور ۔۔۔۔۔ پیدا ہوتا ہے

۱۔ پیسے کا لالچ ۲ امیر اور حاسد ۳۔ ہمت اور حوصلہ ۴۔ غرور اور تکبر

۱۴ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کے لئے محنت کو اپنا شعار بنانا ہوگا۔

۱۔ کامیابی ۲۔ پیسے ۳۔ اوپر جانے ۴۔ آگے بڑھنے کے لئے

۱۵۔ وہ الفاظ جو جوش و جذبات میں زبان سے ادا ہو جاتے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔ کہلاتے ہیں

۱۔ اسم نکرہ ۲۔ اسم معرفہ ۳۔ تجنیس ۴۔ فجائیہ۔

بحریہ کالج
ظفر کیمپس

جماعت ششم    دوسری سہ ماہی    ورک شیٹ (۹)    سبق۔خراب ہے (نظم)

درج ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

۱۔مزاحیہ شاعری کیا ہوتی ہے۔؟
جواب۔۔مزاحیہ شاعری وہ ہوتی ہے۔ جسے پڑھ کے انسان کے چہرے پر مسکراہٹ آتی ہے اور وہ قہقہے لگا تا ہے۔

۲۔مزاحیہ شاعری کس چیز کی عکاس ہوتی ہے؟
جواب۔مزاحیہ شاعری معاشرے کے کسی کمزور یا ناہموار رویے کی عکاس ہوتی ہے۔

۳۔مزاحیہ شاعری کے افادی پہلو کیا ہیں؟
جواب۔۱۔انسان مسکراتا ہے۔    ۲۔معاشرے کے چھپے رویوں کی عکاسی ہوتی ہے۔
۳۔بعض اوقات یہ بھی ہوتا ہے کہ اس کو پڑھ کر معاشرے کے کچھ پہلوؤں کی اصلاح بھی ہو جاتی ہے۔

۴۔ہمیں سب کچھ کھانے کو کیسا مل رہا ہے؟
جواب۔ہمیں سب کچھ کھانے کو خراب مل رہا ہے۔

۵۔نظم ''خراب ہے'' کے شاعر کا کیا نام ہے؟
جواب۔ نظم ''خراب ہے'' کے شاعر کا نام نیاز سواتی ہے۔

سوال نمبر۲۔درست جواب کی نشاندہی کریں۔

۱۔ شاعر کے مطابق ہمارا حال خراب ہے۔کیونکہ
۱۔معاشرہ خراب ہے۔    ۲۔لوگ خراب ہیں    ۳۔معاشرے میں ترقی نہیں ہے۔    ۴۔کھانا خراب ہے

۲۔ بیوی کی کیا خوبی ہے؟
۱۔بولتی بہت ہے    ۲۔شوہر کی لائی ہوئی چیزیں خراب ہیں    ۳۔شوہر سے لڑتی ہے    ۴۔شکر نہیں ادا کرتی

۳۔ بازار سے جو سودا آیا ہے وہ
۱۔بہت اچھا ہے    ۲۔بہت خراب ہے    ۳۔غیر معیاری ہے    ۴۔قابل استعمال نہیں ہے

۴۔ گوالا کہتا ہے کہ

۱۔بھینس کا چارا خراب ہے ۲۔بھینس کم کھانا کھاتی ہے ۳۔بھینس پانی نہیں پیتی ۴۔سوتی بہت ہے

۵۔ میرا دوست کہتا ہے کہ اس کا

۱۔معدہ خراب ہے ۲۔دماغ خراب ہے ۳۔کھانا خراب ہے ۴۔راستہ خراب ہے

۶۔ میرا دوست میرے حصے کا

۱۔پھل کھا گیا ۲۔کھانا کھا گیا ۳۔برگر کھا گیا ۴۔پیسہ کھا گیا

۷۔ میں اپنے علاج کے لئے ------------ کے پاس گیا

۱۔ حکیم ۲۔عطائی ڈاکٹر ۳۔ڈاکٹر ۴۔وزیر

۸۔ میرا حال پہلے سے زیادہ ------------ ہے

۱۔بہت اچھا ۲۔بہترین ۳۔بہت خراب ۴۔بہت ہی زیادہ برا

۹۔ ------------ کا رستہ خراب ہے۔

۱۔شہر کا ۲۔گاؤں کا ۳۔مسجد کا ۴۔سکول کا

۱۰۔ سب ایک ہی بات دہراتے ہیں۔

۱۔ زمانہ خراب ہے ۲۔زمانہ بہت اچھا ہے ۳۔زمانہ بہت بدل گیا ہے ۴۔تبدیلی آگئی ہے

۱۱۔ اس معاشرے کا تو ------------ خراب ہے۔

۱۔آوے کا آوا ۲۔سارے کا سارا ۳۔دماغ ۴۔اصول

۱۲۔مترادف کہتے ہیں۔

۱۔الٹ الفاظ کو ۲۔مذکر کو ۳۔مونث کو ۴۔ایک جیسے کو

۱۳۔ اہلیہ کا مترادف ہے۔

۱۔ملکہ ۲۔شہزادی ۳۔کنیز ۴۔بیگم

۱۴۔ گرائمر کی رو سے غذا ------------ ہے۔

۱۔واحد ۲۔مترادف ۳۔مونث ۴۔مذکر

۱۵۔مزاحیہ شاعری معاشرے کی ------------ ہوتی ہے۔

۱۔ترجمان ۲۔عکاس ۳۔عیب چھپانے والی ۴۔ہنسانے والی

BAHRIA COLLEGE ZAFAR CAMPUS
RLUBNA NAZ